© rasailojaraid.com



# خیر خواہ کا ایک مشورہ نماز پڑھنے والوں کے لیے

ایک ہفتہ اس پر عمل کریں کہ اذان سُن کر اپنے سارے کام چھوڑ دیں' نماز کی تیاری کریں' وضو کریں اور مسجد پہنچ جائیں۔ تحیۃ المسجد ادا کریں' ذکر کی اور دعاؤں کی کچھ جیبی کتابیں ساتھ رکھیں' انھیں پڑھیں' تلاوت قرآن کریں۔

خواتین بھی اس پر عمل کریں۔ اذان سننے کے بعد ہر کام اور مصروفیت ملتوی کر کے نماز کی تیاری کریں۔ اپنے کاموں کو نماز کے بعد کے لیے مؤخر کریں۔ نماز مؤخر کر کے کوئی کام نہ کریں۔

ایک ہفتے کے بعد جائزہ لیں۔ اس مشق سے زندگی میں خوش گوار تبدیلی محسوس کریں' نمازوں کی کوالٹی بہتر ہو جائے' اللہ سے تعلق اور تقویٰ بڑھتا نظر آئے تو اسے جاری رکھیں۔

بہ صورت دیگر ترک کر دیں' اور حسبِ معمول امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو کر نماز پوری کریں۔

**اللہ بہترین توفیق دینے والا ہے۔**

اقامت دین کے داعی تو ضرور اس مشورے پر عمل کریں۔

© rasailojaraid.com